نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی صوبائی کمیٹی نے گندم اور کینولہ کے پیداواری مقابلہ 22-2021 میں انعام جیتنے والے کاشتکاروں کے متعلق حتمی منظوری دے دی۔

پیداواری مقابلہ جات کے انعقاد کا مقصد کاشتکاروں میں صحتمندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔ یہ پیداواری مقابلہ جات دوسرے کاشتکاروں میں فی ایکڑ زیادہ سے زیادہ پیداوار لینے کی تحریک پیدا کریں گے جس سے پیداواری اہداف کا حصول ممکن ہوگا۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد

لاہور:08 جون 2022 (   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم اور تیلدار اجناس کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ کے قومی منصوبہ کے تحت کاشتکاروں کے درمیان صحتمندانہ مسابقت پیدا کرنے کیلئے مالی سال 22-2021 کو گندم اور کینولہ کے ضلعی اور صوبائی سطح پر پیداواری مقابلہ کا انعقاد کیا گیا جس کے لئے محکمہ زراعت نے خواہشمند کاشتکاروں سے درخواستیں طلب کی گئیں۔فصلات کی پیداوار حاصل ہونے پر محکمہ زراعت کی کمیٹیوں نے تمام کاشتکاروں کی فصلات کی پیداوار کا جائزہ لیا اور صوبائی کمیٹی کو زیادہ پیداوار لینے والے مقابلہ میں شریک کاشتکاران کی فہرست منظوری کے لئے ارسال کی۔اس ضمن میں گندم و کینولہ کے پیداواری مقابلہ کو صوبائی سطح پر حتمی منظوری دینے کے لئے ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد کی سربراہی میں سول سیکرٹریٹ لاہور میں اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں کمیٹی نے گندم کے فی ایکڑ پیداوار کے لئے جاری قومی منصوبہ کے تحت گندم کے پیداواری مقابلہ 22-2021 میں جیتنے والے کاشتکاروں کے ناموں کی حتمی منظوری دیدی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ **گندم کے پیداواری مقابلہ 22-2021** میں صوبائی سطح پر ضلع رحیم یار خان کے ارسلان عمر خان ولد بلال عمر خان نے 81.21 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر کے پہلی جبکہ ضلع رحیم یار خان کے محمد اسلم ولد محمد شریف نے 78.79 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر کے دوسری اور ضلع خوشاب سے تعلق رکھنے والے عبدالرحمان ولد غوث محمد نے 70.93 من فی ایکڑ پیداوار حاصل کر کے تیسری پوزیشن حاصل کی۔اس کے علاوہ تیلدار اجناس کی فروغ کے لئے جاری قومی منصوبہ کے تحت **کینولہ کے پیداواری مقابلہ 22-2021** میں صوبائی سطح پر خانیوال ضلع ملتان کے اشفاق احمد ولد حاجی ولی نے پوزیشن حاصل کی۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے پیداواری مقابلہ میں جیتنے والے کاشتکاروں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایسے مقابلہ جات کاشتکار بھائیوں کے مابین صحتمندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا کرتے ہیں اور اس سے دوسرے کاشتکارروں میں آگے بڑھنے کی تحریک پیدا ہوتی ہے جس سے پیداواری اہداف کا حصول ممکن ہوتا ہے۔اجلاس میں صوبائی کمیٹی ممبران ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر جنرل زراعت (اصلاح آبپاشی وفیلڈ) ملک محمد اکرم، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر اور ڈائریکٹر کراپ رپورٹنگ عبدالقیوم سمیت دیگر افسران نے شرکت کی

☆☆☆☆